باب 5

# پیچیدہ اعداد اور دو درجی مساواتیں
# COMPLEX NUMBERS AND QUADRATIC EQUATIONS

❖ ریاضی سائنس کی ملکہ ہے اور حساب ریاضی کی ملکہ ہے (GUASS) ❖

## 5.1 تعارف (Introduction)


ڈبلیو۔آر۔ہیملٹن
**(1805-1865)**

پچھلی جماعتوں میں ہم نے ایک اور دو Variable والی خطی مساواتیں اور ایک (variable) میں دو درجی مساواتوں کا مطالعہ کیا ہے۔ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ مساوات $x^2+1=0$ کا کوئی حقیقی حل نہیں ہے کیونکہ $x^2+1=0$ سے ہمیں $x^2=-1$ حاصل ہوتا ہے اور تمام حقیقی اعداد کا مربع مثبت ہوتا ہے۔ اس لیے ہمیں حقیقی اعداد کے نظام کو ایک بڑے نظام میں بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ ہم مساوات $x^2=-1$ کا حل نکال سکیں۔ حقیقت میں ہمارا اصل مقصد ہے مساوات $ax^2+bx+c=0$ کو حل کرنا جہاں $D=b^2-4ac<0$ ہو، جو کہ حقیقی اعداد کے نظام میں ممکن نہیں ہے۔

## 5.2 پیچیدہ اعداد (Complex Numbers)

مان لیجیے ہم $\sqrt{-1}$ کو علامت 'i' سے ظاہر کرتے ہیں۔ تب ہمارے پاس ہے $i^2=-1$۔ اس کا مطلب ہے 'i' مساوات $x^2+1=0$ کا حل ہے۔

$(a+ib)$ کی شکل کا نمبر جہاں a اور b حقیقی اعداد میں پیچیدہ عدد کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر $2+i3$، $(-1)+i\sqrt{3}$،

© NCERT not to be republished

$4+i\left(\frac{-1}{11}\right)$ پیچیدہ اعداد ہیں۔

پیچیدہ عدد $z=a+ib$ میں a حقیقی حصہ کہلاتا ہے اور اسے Re z سے ظاہر کیا جاتا ہے اور b تصوری (خیالی) حصہ کہلاتا ہے اور اسے Im z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر $z=2+i5$ ہو تو $\text{Re}\, z=2$ اور $\text{Im}\, z=5$ ہوگا۔

دو پیچیدہ اعداد $z_1=a+ib$ اور $z_2=c+id$ اس وقت برابر ہوں گے جب $a=c$ اور $b=d$ ہوگا۔

**مثال 1** اگر $4x+i(3x-y)=3+i(-6)$ جہاں x اور y حقیقی اعداد ہیں تو x اور y کی قیمت معلوم کرو۔

**حل** ہمارے پاس ہے $4x+i(3x-y)=3+i(-6)$

حقیقی اور خیالی حصوں کو برابر کرنے پر ہمیں ملتا ہے $4x=3, 3x-y=-6$

جس کو حل کرنے پر ہمیں ملتا ہے $x=\frac{3}{4}$ اور $y=\frac{33}{4}$

## 5.3 پیچیدہ اعداد کا الجبرا (Algebra of Complex Numbers)

اس سیکشن میں ہم پیچیدہ اعداد کے الجبر کو واضح (develop) کریں گے۔

### 5.3.1 دو پیچیدہ اعداد کا جوڑ (*Addition of two complex number*)

مان لیجئے $z_1=a+ib$ اور $z_2=c+ib$ کوئی دو پیچیدہ اعداد ہیں۔ تب $z_1+z_2$ کا جوڑ اس طرح دکھایا جائے گا۔ $(a+b)+i(b+d)$ $=z_1+z_2$ جو کہ پھر ایک پیچیدہ عدد ہے۔

مثال کے طور پر $(2+i3)+(-6+i5)=(2-6)+i(3+5)=-4+i8$

پیچیدہ اعداد کا جوڑ مندرجہ ذیل خصوصیات رکھتا ہے۔ جو ہم بغیر ثابت کئے دے رہے ہیں۔

(i) بندشی قانون (Closure law) دو پیچیدہ اعداد کا جوڑ ایک پیچیدہ عدد ہے، i.e. $z_1+z_2$ ایک پیچیدہ عدد ہے تمام $z_1$ ، $z_2$ پیچیدہ اعداد کے لئے۔

(ii) تقلیبی قانون (Commutative law) کوئی بھی دو پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کے لیے

$$z_1+z_2=z_2+z_1$$

(iii) تلازمی قانون (The Associative law) کن ہی یا کسی بھی تین پیچیدہ اعداد $z_1$ ، $z_2$ ، $z_3$ کے لیے

© NCERT not to be republished

$$(z_1 + z_2) + z_3 = z_1 + (z_2 + z_3)$$

(iv) جمعی تماثلی کا وجود (The existence of additive identity) ایک پیچیدہ عدد $0 + i0$ (جسے 0 سے ظاہر کرتے ہیں) موجود۔ جسے ہم جمعی تماثلی کہتے ہیں یا صفر پیچیدہ عدد۔ اس طرح ہر پیچیدہ عدد z کے لئے

$$z + 0 = z$$

(v) جمعی معکوس کا وجود (The existence of additive inverse) ہرایک پیچیدہ عدد $z = a + ib$ کے لئے ہمارے پاس $-a + i(-b)$ پیچیدہ عدد موجود ہے جسے ہم (–z) سے ظاہر کرتے ہیں، جمعی معکوس یا z کا منفی کہلاتا ہے۔ہم یہ دیکھتے ہیں کہ $z + (z) = 0$ (جمعی تماثل)

### 5.3.2 (Difference of two complex numbers) دو دیے ہوئے پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کے لیے

فرق $z_1 - z_2$ کو اس طرح define کیا جاتا ہے۔

$$z_1 - z_2 = z_1 + (-z_2)$$

مثال کے طور پر، $(6 + 3i) - (2 - i) = (6 + 3i) + (-2 + i) = 4 + 4i$

اور $(2 - i) - (6 + 3i) = (2 - i) + (-6 - 3i) = -4 - 4i$

### 5.3.3 دو پیچیدہ اعداد کی ضرب (Multiplication of two complex numbers)

مان لیجئے $z_1 = a + ib$ اور $z_2 = c + id$ کوبھی دو پیچیدہ اعداد ہیں۔تب $z_1$ اور $z_2$ کی ضرب اس طرح بیان کی جائے گی۔

$$z_1 z_2 = (ac - bd) + i(ad + bc)$$

مثال کے طور پر $(3 + i5)(2 + i6) = (3 \times 2 - 5 \times 6) + i(3 \times 6 + 5 \times 2) = -24 + i28$

پیچیدہ اعداد کی مندرجہ ذیل خاصیتیں رکھتی ہیں جو ہم بغیر Proof کے نیچے دے رہے ہیں۔

(i) بندشی خاصیت (Closure property) دو پیچیدہ اعداد کا حاصل ضرب ایک پیچیدہ عدد ہے۔تمام پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کا ضریب $z_1 z_2$ ایک پیچیدہ عدد ہے۔

(ii) تقلیبی قانون (The commutative law) کن ہی دو پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کے لیے

$$z_1 z_2 = z_2 z_1$$

© NCERT not to be republished

(iii) تلازمی قانون (The associative law) کن ہی تین پیچیدہ اعداد $z_1$ ، $z_2$ ، $z_3$ کے لیے

$$(z_1 z_2) z_3 = z_1 (z_2 z_3)$$

(iv) ضربی تماثلی کا وجود (The existence of multiplicative identity) ایک پیچیدہ عدد $1 + i0$ (1 سے ظاہر ہوتا ہے) وجود میں آتا ہے، ضربی تماثلی کہلاتا ہے، اس طرح $z1 = z$ ہر پیچیدہ عدد z کے لئے۔

(v) ضربی معکوس کا وجود (The existence ofmultiplicative inverse) ہر ایک غیر صفر پیچیدہ عدد $z = a + ib$ یا $a + bi (a \neq 0, b \neq 0)$ کے لئے، ہمارے پاس پیچیدہ عدد ہے ($\frac{1}{z}$ یا $z^{-1}$ سے ظاہر ہوتا ہے) $\frac{a}{a^2+b^2} + i\frac{-b}{a^2+b^2}$ ، z کا ضربی معکوس کہلاتا ہے۔ اس طرح $z.\frac{1}{z} = 1$ (ضربی تماثلی)

(vi) تقسیمی قانون (The distribtive law) کنہیں تین پیچیدہ اعداد $z_1$ ، $z_2$ ، $z_3$ کے لئے۔

(a) $z_1 (z_2 z_3) = z_1 z_2 + z_1 z_3$

(b) $(z_1 z_2) z_3 = z_1 z_3 + z_2 z_3$

### 5.3.4 دو پیچیدہ اعداد کی تقسیم (Division of two complex numbers)

دیے ہوئے دو پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کے لیے جہاں $z_2 \neq 0$ خارج قسمت (the quotient) $\frac{z_1}{z_2}$ اس طرح define کیا گیا ہے

$$\frac{z_1}{z_2} = z_1 \frac{1}{z_2}$$

مثال کے طور پر مان لیجئے $z_1 = 6 + 3i$ اور $z_2 = 2 - i$

تب

$$\frac{z_1}{z_2} = \left((6+3i) \times \frac{1}{2-i}\right) = (6+3i)\left(\frac{2}{2^2+(-1)^2} + i\frac{-(-1)}{2^2+(-1)^2}\right)$$

$$= (6+3i)\left(\frac{2+i}{5}\right) = \frac{1}{5}[12-3+i(6+6)] = \frac{1}{5}(9+12i)$$

### 5.3.5 $i$ کی قوت (Power of i)

$i^3 = i^2 i = (-1) i = -1$ ، $i^4 = (i^2)^2 = (-1)^2 = 1$

© NCERT not to be republished

$i^5 = (i^2)^2 = (-1)^2 i = i$ ، $i^6 = (i^2)^3 = (-1)^3 i = -1$

ساتھ ہی ہمارے پاس ہے

$i^{-1} = \frac{1}{i} \times \frac{i}{i} = \frac{i}{-1} = -i$ ، $i^{-2} = \frac{1}{i^2} = \frac{1}{-1} = -1$

$i^{-3} = \frac{1}{i^3} = \frac{1}{-i} \times \frac{i}{i} = \frac{i}{1} = i$ ، $i^{-4} = \frac{1}{i^4} = \frac{1}{1} = 1$

عام طور پر کسی پر صحیح عدد '$k$' کے لیے $i^{4k} = 1$ ، $i^{4k+1} = i$ ، $i^{4k+2} = -1$ ، $i^{4k+3} = -i$

### 5.3.6 منفی حقیقی عدد کے جزر (The square roots of a negative real number) یہ

نوٹ کر لیجئے کہ $i^2 = -1$ اور $(-i)^2 = i^2 = -1$

اس لیے، 1- کے جزر $i$ اور $-i$ ہیں۔ حالانکہ علامتی طور پر $\sqrt{-1}$، اس کا مطلب ہے صرف $i$ ۔

اب ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ $i$ اور $-i$ دونوں مساوات $x^2 + 1 = 0$ یا $x^2 = -1$ کے حل ہیں۔

اسی طرح، $\left(\sqrt{3}i\right)^2 = \left(\sqrt{3}\right)^2 i^2 = 3(-1) = -3$

$\left(-\sqrt{3}i\right)^2 = \left(-\sqrt{3}\right)^2 i^2 = -3$

اس لئے، $-3$ کے جذر $\sqrt{3}\, i$ اور $-\sqrt{3}i$ ہیں۔

دوبارہ، علامت $\sqrt{-3}$ کا مطلب ہے صرف $\sqrt{3}i$ کو ظاہر کرنا اس طرح (i.e,) $\sqrt{-3} = \sqrt{3}\, i$

عام طور پر اگر $a$ ایک مثبت حقیقی عدد ہے، $\sqrt{-a} = \sqrt{a}\sqrt{-1} = \sqrt{a}\, i$

ہم پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ $\sqrt{a} \times \sqrt{b} = \sqrt{ab}$ تمام مثبت حقیقی اعداد $a$ اور $b$ کے لیے۔ یہ نتیجہ اس وقت بھی صحیح ہے جب یا تو $a > 0$، $b < 0$ یا $a < 0$، $b > 0$۔ کیا ہے اگر $a < 0$، $b < 0$؟ ہمیں جانچ کرنی چاہئے۔

یہ نوٹ کر لیجئے

$i^2 = \sqrt{-1}\sqrt{-1} = \sqrt{(-1)(-1)}$ (by assuming $\sqrt{a} \times \sqrt{b} = \sqrt{ab}$ for all real numbers)

$= \sqrt{1} = 1$, which is a contradiction to the fact the $i^2 = -1$

اس لیے اگر دونوں $a$ اور $b$ منفی حقیقی اعداد ہیں تو $\sqrt{a} \times \sqrt{b} \neq \sqrt{ab}$

© NCERT not to be republished

اس لیے آگے، اگر $a$ اور $b$ صفر ہیں تو صاف طور پر $0 = \sqrt{a} \times \sqrt{b} = \sqrt{ab}$

### 5.3.7 تماثلات (Identities) ہم ذیل تماثلہ ثابت کرتے ہیں

$(z_1 + z_2)^2 = z_1^2 + z_2^2 + 2z_1z_2$، تمام پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کے لئے۔

**ثبوت** ہمارے پاس ہے، $(z_1 + z_2)^2 = (z_1 + z_2)(z_1 + z_2)$

$= (z_1 + z_2)z_1 + (z_1 + z_2)z_2$ (تقسیمی قانون)

$= z_1^2 + z_2z_1 + z_1z_2 + z_2^2$ (تقسیمی قانون)

$= z_1^2 + z_1z_2 + z_1z_2 + z_2^2$ (ضرب کا تقلیبی قانون)

$= z_1^2 + 2z_1z_2 + z_2^2$

اسی طرح ہم مندرجہ ذیل تماثلات ثابت کر سکتے ہیں۔

(i) $(z_1 - z_2)^2 = z_1^2 - 2z_1z_2 + z_2^2$

(ii) $(z_1 + z_2)^3 = z_1^3 + 3z_1^2z_2 + 3z_1z_2^2 + z_2^3$

(iii) $(z_1 - z_2)^3 = z_1^3 - 3z_1^2z_2 + 3z_1z_2^2 - z_2^3$

(iv) $z_1^2 - z_2^2 = (z_1 + z_2)(z_1 - z_2)$

حقیقت میں بہت سے دوسرے تماثلات جو تمام حقیقی اعداد کے لیے درست ہیں۔ پیچیدہ اعداد کے لیے بھی درست ثابت کیے جا سکتے ہیں۔

**مثال 2** ذیل کو $a + bi$ کی شکل میں لکھیے:

(i) $(-5i)\left(\frac{1}{8}i\right)$ (ii) $(-i)(2i)\left(-\frac{1}{8}i\right)^3$

**حل** (i) $(-5i)\left(\frac{1}{8}i\right) = \frac{-5}{8}i^2 = \frac{-5}{8}(-1) = \frac{5}{8} = \frac{5}{8} + i0$

(ii) $(-i)(2i)\left(-\frac{1}{8}i\right)^3 = 2 \times \frac{1}{8 \times 8 \times 8} \times i^5 = \frac{1}{256}(i^2)^2 i = \frac{1}{256}i$

© NCERT not to be republished

**مثال 3** $(5-3i)^3$ کو $a+bi$ کی شکل میں لکھیے۔

**حل** ہمارے پاس ہے $(5-3i)^3 = 5^3 - 3\times 5^2 \times (3i) + 3\times 5(3i)^2 - (3i)^3$

$$= 125 - 225i - 135 + 27i = -10 - 198i$$

**مثال 4** $\left(-\sqrt{3}+\sqrt{-2}\right)\left(2\sqrt{3}-i\right)$ کو $a+ib$ کی شکل میں لکھیے

**حل** ہمارے پاس ہے $\left(-\sqrt{3}+\sqrt{-2}\right)\left(2\sqrt{3}-i\right) = \left(-\sqrt{3}+\sqrt{2}i\right)\left(2\sqrt{3}-i\right)$

$$= -6+\sqrt{3}i+2\sqrt{6}i-\sqrt{2}i^2$$

$$= \left(-6+\sqrt{2}\right)+\sqrt{3}\left(1+2\sqrt{2}\right)i$$

© NCERT not to be republished

## 5.4 ایک پیچیدہ عدد کا مقیاس اور زوجی
## (The modulus and the conjugate of a complex number)

مان لیجئے $z = a+ib$ ایک پیچیدہ عدد ہے۔ تب z کا مقیاس (modules) جسے $|z|$ ظاہر کیا جاتا ہے اسے غیر منفی حقیقی عدد $\sqrt{a^2+b^2}$ ie کہتے ہیں $|z| = \sqrt{a^2+b^2}$ اور z کا زوجی (Conjugate) جسے $\bar{z}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ $a-ib$ پیچیدہ ہے۔ i.e., $\bar{z} = a-ib$

مثال کے طور پر، $|3+i| = \sqrt{3^2+1^2} = \sqrt{10}$, $|2-5i| = \sqrt{2^2+(-5)^2} = \sqrt{29}$

اور $\overline{3+i} = 3-i$, $\overline{2-5i} = 2+5i$, $\overline{-3i-5} = 3i-5$

دیکھئے کہ غیر صفر پیچیدہ عدد z کا ضربی معکوس اسطرح دیا جاتا ہے۔

$$z^{-1} = \frac{1}{a+ib} = \frac{a}{a^2+b^2} + i\frac{-b}{a^2+b^2} = \frac{a-ib}{a^2+b^2} = \frac{\bar{z}}{|z|^2}$$

یا $z\bar{z} = |z|^2$

(i) $|z_1 z_2| = |z_1||z_2|$ (ii) $\left|\frac{z_1}{z_2}\right| = \frac{|z_1|}{|z_2|}$ ؟؟؟؟ $|z_2| \neq 0$

(iii) $\overline{z_1 z_2} = \overline{z_1}\ \overline{z_2}$ (iv) $\overline{z_1 \pm z_2} = \overline{z_1} \pm \overline{z_2}$ (v) $\overline{\left(\frac{z_1}{z_2}\right)} = \frac{\overline{z_1}}{\overline{z_2}}$ اگر $z_2 \neq 0$

**مثال 5** $2-3i$ کا ضربی معکوس معلوم کیجئے

**حل** مان لیا $z = 2-3i$

تب $\overline{z} = 2+3i$ اور $|z|^2 = 2^2 + (-3)^2 = 13$

اس لئے $2-3i$ کا ضربی معکوس دیا گیا ہے

$$z^{-1} = \frac{\overline{z}}{|z|^2} = \frac{2+3i}{13} = \frac{2}{13} + \frac{3}{13}i$$

اوپر دیا ہوا عمل نیچے دیئے گئے طریقے سے بھی ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

$$z^{-1} = \frac{1}{2-3i} = \frac{2+3i}{(2-3i)(2+3i)}$$

$$= \frac{2+3i}{2^2-(3i)^2} = \frac{2+3i}{13} = \frac{2}{13} + \frac{3}{13}i$$

**مثال 6** ذیل کو $a+ib$ کی شکل میں ظاہر کیجئے۔

(i) $\frac{5+\sqrt{2}i}{1-\sqrt{2}i}$ (ii) $i^{-35}$

**حل** (i) ہمارے پاس ہے،

$$\frac{5+\sqrt{2}i}{1-\sqrt{2}i} = \frac{5+\sqrt{2}i}{1-\sqrt{2}i} \times \frac{1+\sqrt{2}i}{1+\sqrt{2}i}$$

$$= \frac{5+5\sqrt{2}i+\sqrt{2}i-2}{1-\left(\sqrt{2}i\right)^2}$$

$$= \frac{3+6\sqrt{2}i}{1+2} = \frac{3(1+2\sqrt{2}i)}{3} = 1+2\sqrt{2}i$$

(ii) $$i^{-35} = \frac{1}{i^{35}} = \frac{1}{\left(i^2\right)^{17} i} = \frac{1}{-i} \times \frac{i}{i} = \frac{i}{-i^2} = i$$

© NCERT not to be republished

## مشق 5.1

تمام دیئے ہوئے پیچیدہ اعداد مشق 1 تا 10 $a+ib$ کی شکل میں لکھئے

.1 $(5i)\left(-\frac{3}{5}i\right)$    .2 $i^9+i^{19}$    .3 $i^{-39}$

.4 $3(7+i7)+i(7+i7)$    .5 $(1-i)-(-1+i6)$

.6 $\left(\frac{1}{5}+i\frac{2}{5}\right)-\left(4+i\frac{5}{2}\right)$    .7 $\left[\left(\frac{1}{3}+i\frac{7}{3}\right)+\left(4+i\frac{1}{3}\right)\right]-\left(-\frac{4}{3}+i\right)$

.8 $(1-i)^4$    .9 $\left(\frac{1}{3}+3i\right)^3$    .10 $\left(-2-\frac{1}{3}i\right)^3$

دیئے ہوئے مشق میں 11 تا 13 پیچیدہ عدد کے ضربی معکوس معلوم کیجیے۔


.11 $4-3i$    .12 $\sqrt{5}+3i$    .13 $-i$

.14 نیچے دی ہوئی expression کو $a+ib$ کی شکل میں ظاہر کیجیے:

$$\frac{\left(3+i\sqrt{5}\right)\left(3-i\sqrt{5}\right)}{\left(\sqrt{3}+\sqrt{2}i\right)-\left(\sqrt{3}-i\sqrt{2}\right)}$$

## 5.5 آرگنڈ مستوی اور قطبی تعبیر (اظہار) (Argand Plane and Polar Representation)

ہم پہلے یہ جانتے ہیں کہ ہر حقیقی اعداد کے مرتب جوڑے $(x, y)$ کے مطابق ہمیں مستوی XY میں ایک یکتا نقطہ ملتا ہے اور اس کے برعکس باہمی عمودی لائنوں کے سیٹ کے حوالے سے۔ $x$-axis اور $y$-axis کہا جاتا ہے۔ پیچیدہ عدد $x+iy$ جو مرتب جوڑے $(x, y)$ کے مطابق جیومیٹری کے انداز سے یکتا نقطہ $P(x, y)$ سے XY مستوی میں ظاہر کیا جا سکتا ہے اور اس کے برعکس۔



شکل 5.1


کچھ پیچیدہ اعداد جیسے $2+4i$ ، $-2+3i$ ، $0+1i$

© NCERT not to be republished

، $2+0i$ ، $-5-2i$ اور $1+2i$ مرتب جوڑے $(2,4)$ ، $(-2,3)$ ، $(0,1)$ ، $(2,0)$ ، $(-5,-2)$ اور $(1,-2)$ کے مطابق بالترتیب مطابق ہیں جیومیٹری کلی نقطہ A' B' C' D' E' اور F سے دکھایا گیا ہے شکل 5.1 میں۔

ایسی مستوی جس میں ہر نقطہ (Point) کو ایک پیچیدہ عدد دیا گیا (assigned) ہو پیچیدہ مستوی یا آرگنڈ مستوی (Argand Plane) کہلاتی ہے۔

حالانکہ، آرگنڈ مستوی میں پیچیدہ عدد $x+iy=\sqrt{x^2+y^2}$ کا مقیاس (modulus) نقطہ $P(x,y)$ اور $O(0,0)$ کے درمیان فاصلہ ہے۔شکل 5.2 دیکھئے، $x$-axis پر نقطہ پیچیدہ اعداد $a+i0$ کے مطابق میں اور $y$-axis پر نقطہ پیچیدہ اعداد شکل $0+ib$ کے مطابق ہیں ۔ آرگنڈ مستوی میں $x$-axis اور $y$-axis کو بالترتیب حقیقی محور (Real axis) اور خیالی محور (Imagenary axis) کہا جاتا ہے۔





شکل 5.2

پیچیدہ عدد $z=x+iy$ اور اس کے Conjugate $z=x-iy$ کو آرگنڈ مستوی میں بالترتیب نقطے $P(x,y)$ اور $P(x,-y)$ سے دکھایا جاتا ہے۔


جیومیٹریکل انداز میں نقطہ $(x,y)$ نقطہ $(x,-y)$ کا شیشہ میں دکھائی دینے والا عکس ہے جو ایک حقیقی محور پر ہے۔(شکل 5.3 دیکھئے)

© NCERT not to be republished




شکل5.3

## 5.5.1 ایک پیچیدہ عدد کا قطبی اظہار (*Polar representation of a complex number*)




شکل5.4

مان لیجئے ایک نقطہ P غیر صفر پیچیدہ عدد $z = x + iy$ کو ظاہر کرتا ہے۔مان لیجئے سمتی قطعہ خط OP کی لمبائی r ہے اور یہ x-axis کی مثبت سمت کے ساتھ زاویہ θ بناتا ہے۔شکل 5.4


ہم یہ نوٹ کرتے ہیں کہ نقطہ P یکتا طور پر حقیقی اعداد کے مرتب جوڑے $(r, \theta)$ سے حاصل کیا گیا ہے جسے ہم نقطہ P کے قطبی مختص (Polar co-ordinates) کہتے ہیں۔

ہمارے پاس ہے $x = r\cos\theta$ ، $y = r\sin\theta$ اور اسلئے $z = r(\cos\theta + i\sin\theta)$ بعد والا پیچیدہ عدد کی قطبی شکل کہلاتا ہے۔ یہاں $r = \sqrt{x^2 + y^2} = |z|$ ، z کا مقیاس (modules) ہے اور θ جسے ہم z کا argument یا دلیل (amplitude) کہتے ہیں،اور اسے argz سے ظاہر کرتے ہیں۔


کسی بھی پیچیدہ عدد $z \neq 0$ کیلئے "θ" کی صرف ایک قیمت ہوتی ہے جہاں $0 \leq \theta < 2\pi$ ہو۔حلانکہ کوئی بھی دوسرا وقفہ جس کی لمبائی $2\pi$ ہو،مثال کے طور پر $-\pi < \theta < \pi$ اس طرح کا ایک وقفہ ہوسکتا ہے۔ہم θ کی ایسی قیمت لیں گے تاکہ $-\pi < \theta \leq \pi$ ، اسے z کا Principal argument کہا جاتا ہے اور argz سے ظاہر کیا جاتا ہے جب تک

© NCERT not to be republished

دوسری طرح سے واضح نہ کیا جائے۔ (شکل 5.5 اور 5.6 دیکھیے)




شکل 5.5 $(0 \leq \theta < 2\pi)$




شکل 5.6 $(-\pi < \theta \leq \pi)$

**مثال 7** پیچیدہ عدد $z = 1 + i\sqrt{3}$ کا قطبی شکل میں اظہار کیجیے۔

**حل** مان لیا $1 = r\cos\theta$، $\sqrt{3} = r\sin\theta$

مربع کرنے اور جمع کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے۔


$$r^2(\cos^2\theta + \sin^2\theta) = 4$$

یعنی، $r = \sqrt{4} = 2$ (conventionally, $r > 0$)

اس لیے، $\cos\theta = \frac{1}{2}$ ، $\sin\theta = \frac{\sqrt{3}}{2}$ جو $\theta = \frac{\pi}{3}$ دیتا ہے۔

اس لئے، مطلوب قطبی شکل $z = 2\left(\cos\frac{\pi}{3} + i\sin\frac{\pi}{3}\right)$ ہے

پیچیدہ عدد $z = 1 + i\sqrt{3}$ شکل 5.7 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل 5.7

**مثال 8** پیچیدہ عدد $\frac{-16}{1 + i\sqrt{3}}$ کو قطبی شکل میں بدلئے۔

© NCERT not to be republished

**حل** دیا ہوا پیچیدہ عدد $\dfrac{-16}{1+i\sqrt{3}} = \dfrac{-16}{1+i\sqrt{3}} \times \dfrac{1-i\sqrt{3}}{1-i\sqrt{3}}$

$$= \frac{-16\left(1-i\sqrt{3}\right)}{1-\left(i\sqrt{3}\right)^2} = \frac{-16\left(1-i\sqrt{3}\right)}{1+3} = -4\left(1-i\sqrt{3}\right) = -4+i4\sqrt{3}$$

مان لیا $-4 = r\cos\theta, 4\sqrt{3} = r\sin\theta$

مربع کرنے اور جوڑنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے۔


$$16+48 = r^2\left(\cos^2\theta + \sin^2\theta\right)$$

جو دیتا ہے $r^2 = 64, i.e., r = 8$

اس لئے $\cos\theta = -\dfrac{1}{2}, \sin\theta = \dfrac{\sqrt{3}}{2}$

$$\theta = \pi - \frac{\pi}{3} = \frac{2\pi}{3}$$

اس لئے مطلوبہ قطبی شکل $8\left(\cos\dfrac{\pi}{3} + i\sin\dfrac{2\pi}{3}\right)$ ہے۔




شکل 5.8

© NCERT not to be republished

## مشق 5.2

ہر ایک پیچیدہ اعداد کے مقیاس (modules) اور دلیل (Arguments) معلوم کیجیے (مشق 1 تا 2)

1. $z = -1-i\sqrt{3}$
2. $z = -\sqrt{3}+i$

تمام پیچیدہ اعداد (مشق 3 تا 4) کو قطبی شکل میں لکھیے۔

3. $1-i$
4. $-1+i$
5. $-1-i$
6. $-3$
7. $\sqrt{3}+i$
8. $i$

## 5.6 دو درجی مساوات (Quadratic equations)

ہم پہلے ہی دو درجی مساوات سے واقف ہیں اور انہیں حقیقی اعداد میں حل کر چکے ہیں جہاں ممیّز (discriminant) غیر صفر ہو یعنی، $\geq 0$

ہم مندرجہ ذیل دو درجی مساوات کو لیتے ہیں:

$ax^2 + bx + c = 0$ جہاں $a$، $b$، $c$ حقیقی ضریب ہیں اور $a \neq 0$

ساتھ ہی ہم مانتے ہیں کہ $b^2 - 4ac < 0$

اب ہم جانتے ہیں کہ پیچیدہ اعداد کے سیٹ میں منفی حقیقی اعداد کا جذر کیسے معلوم کرتے ہیں۔ اس لئے اوپر دی ہوئی مساوات کا حل پیچیدہ اعداد کے سیٹ میں بھی موجود ہے اور اس طرح دیا گیا ہے۔

$$x = \frac{-b \pm \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a} = \frac{-b \pm \sqrt{4ac - b^2}\, i}{2a}$$

> **نوٹ** اس وقت کچھ لوگ اس بات کو جاننے میں دلچسپی رکھتے ہوں گے کہ ایک مساوات کے کتنے جز ہوں گے؟ اس سلسلے میں ذیل میں دیا گیا الجبرے پر مبنی بنیادی مسئلہ (Fundamental theorem of Algebra) اس طرح ہے (بغیر ثبوت کے)۔

''کثیر رکنی مساوات کا کم از کم ایک جذر ہوتا ہے''

اس مسئلہ کے نتائج سے ایک بہت ہی اہم نتیجہ پر پہنچے ہیں۔

''$n$' درجہ والی کثیر رکنی مساوات کے $n$ جذر ہوتے ہیں''

**مثال 9** $x^2 + 2 = 0$ کو حل کیجیے

**حل** ہمارے پاس ہے $x^2 + 2 = 0$

یا $x^2 = -2$ i.e., $x = \pm\sqrt{-2} = \pm\sqrt{2}i$

**مثال 10** $x^2 + x + 1 = 0$ کو حل کیجیے

**حل** یہاں، $b^2 - 4ac = 1^2 - 4 \times 1 \times 1 = 1 - 4 = -3$

اس لئے، $x = \frac{-1 \pm \sqrt{-3}}{2 \times 1} = \frac{-1 \pm \sqrt{3}i}{2}$ اس کے حل ہیں۔

**مثال 11** $\sqrt{5}x^2 + x + \sqrt{5} = 0$ کو حل کیجیے۔

**حل** مساوات کا ممیّز (discriminant) یہ ہے

© NCERT not to be republished

$$1^2 - 4 \times \sqrt{5} \times \sqrt{5} = 1 - 20 = -19$$

اس لئے حل ہیں $\dfrac{-1 \pm \sqrt{-19}}{2\sqrt{5}} = \dfrac{-1 \pm \sqrt{19}i}{2\sqrt{5}}$

## مشق 5.3

ذیل میں دی گئی تمام مساواتیں حل کیجیے:

1. $x^2 + 3 = 0$
2. $2x^2 + x + 1 = 0$
3. $x^2 + 3x + 9 = 0$
4. $-x^2 + x - 2 = 0$
5. $x^2 + 3x + 5 = 0$
6. $x^2 - x + 2 = 0$
7. $\sqrt{2}x^2 + x + \sqrt{2} = 0$
8. $\sqrt{3}x^2 - \sqrt{2} + 3\sqrt{3} = 0$
9. $x^2 + x + \dfrac{1}{\sqrt{2}} = 0$
10. $x^2 + \dfrac{x}{\sqrt{2}} + 1 = 0$

## متفرق مثالیں

**مثال 12** $\dfrac{(3-2i)(2+3i)}{(1+2i)(2-i)}$ کا زوجی (Conjugate) معلوم کیجیے

**حل** ہمارے پاس ہے $\dfrac{(3-2i)(2+3i)}{(1+2i)(2-i)}$

$$= \frac{6+9i-4i+6}{2-i+4i+2} = \frac{12+5i}{4+3i} \times \frac{4-3i}{4-3i}$$

$$= \frac{48-36i+20i+15}{16+9} = \frac{63-16i}{25} = \frac{63}{25} - \frac{16}{25}i$$

اس لیے $\dfrac{(3-2i)(2+3i)}{(1+2i)(2-i)}$ کا زوجی $\dfrac{63}{25} + \dfrac{16}{25}i$ ہے۔

**مثال 13** مندرجہ ذیل پیچیدہ اعداد کا مقیاس اور دلیل معلوم کیجیے:

(i) $\dfrac{1+i}{1-i}$ (ii) $\dfrac{1}{1+i}$

© NCERT not to be republished

**حل** (i) ہمارے پاس ہے $\dfrac{1+i}{1-i} = \dfrac{1+i}{1-i} \times \dfrac{1+i}{1+i} = \dfrac{1-1+2i}{1+1} = i = 0+i$

اب، ہم رکھتے ہیں $0 = r\cos\theta$، $1 = r\sin\theta$

مربع کرنے اور جمع کرنے پر $r^2 = 1$ i.e., $r = 1$

تا کہ $\cos\theta = 0$، $\sin\theta = 1$

اس لئے $\theta = \dfrac{\pi}{2}$

اس لئے، $\dfrac{1+i}{1-i}$ کا مقیاس '1' ہے اور دلیل $\dfrac{\pi}{2}$ ہے۔

(ii) ہمارے پاس ہے

$$\frac{1}{1+i} = \frac{1-i}{(1+i)(1-i)} = \frac{1-i}{1+1} = \frac{1}{2} - \frac{i}{2}$$

مان لیجیے $\dfrac{1}{2} = r\cos\theta$، $-\dfrac{1}{2} = r\sin\theta$

اور پر (i) کی طرح عمل کرکے ہمیں حاصل ہوتا ہے $r = \dfrac{1}{\sqrt{2}}; \cos\theta = \dfrac{1}{\sqrt{2}}, \sin\theta = \dfrac{-1}{\sqrt{2}}$

اس لئے $\theta = \dfrac{-\pi}{4}$

اس لئے $\dfrac{1}{1+i}$ کا مقیاس $\dfrac{1}{\sqrt{2}}$ ہے اور دلیل $\dfrac{-\pi}{4}$ ہے۔

**مثال 14** اگر $x + iy = \dfrac{a+ib}{a-ib}$ ہے تو ثابت کیجئے کہ $x^2 + y^2 = 1$ ہے۔

**حل** ہمارے پاس ہے

$$x+iy = \frac{(a+ib)(a+ib)}{(a-ib)(a+ib)} = \frac{a^2-b^2+2abi}{a^2+b^2} = \frac{a^2-b^2}{a^2+b^2} + \frac{2qb}{a^2+b^2}i$$

تا کہ، $x - iy = \dfrac{a^2-b^2}{a^2+b^2} - \dfrac{2ab}{a^2+b^2}i$

اس لئے،

© NCERT not to be republished

$$=\frac{(a^2+b^2)^2}{(a^2+b^2)^2}=1\ x^2+y^2=(x+iy)(x-iy)=\frac{(a^2-b^2)^2}{(a^2+b^2)^2}+\frac{4a^2b^2}{(a^2+b^2)^2}$$

**مثال 15** حقیقی $\theta$ معلوم کیجیے تا کہ

$\frac{3+2i\sin\theta}{1-2i\sin\theta}$ خالص حقیقی ہو۔

**حل** ہمارے پاس ہے،

$$\frac{3+2i\sin\theta}{1-2i\sin\theta}=\frac{(3+2i\sin\theta)(1+2i\sin\theta)}{(1-2i\sin\theta)(1+2i\sin\theta)}$$

$$=\frac{3+6i\sin\theta+2i\sin\theta-4\sin^2\theta}{1+4\sin^2\theta}=\frac{3-4\sin^2\theta}{1+4\sin^2\theta}+\frac{8i\sin\theta}{1+4\sin^2\theta}$$

کیونکہ ہمیں پیچیدہ اعداد حقیقی دیئے گئے ہیں، اس لئے

$$\frac{8\sin\theta}{1+4\sin^2\theta}=0,\text{i.e., }\sin\theta=0$$

اس طرح $\theta=n\pi, n\in\mathbf{Z}$

**مثال 16** پیچیدہ عدد $z=\frac{i-1}{\cos\frac{\pi}{3}+i\sin\frac{\pi}{3}}$ کو قطبی شکل میں لکھئے۔

**حل** ہمارے پاس ہے $z=\frac{i-1}{\frac{1}{2}+\frac{\sqrt{3}}{2}i}$

$$=\frac{2(i-1)}{1+\sqrt{3}i}\times\frac{1-\sqrt{3}i}{1-\sqrt{3}i}=\frac{2\left(i+\sqrt{3}-1\sqrt{3}i\right)}{1+3}=\frac{\sqrt{3}-1}{2}+\frac{\sqrt{3}+1}{2}i$$

اب رکھیے $\frac{\sqrt{3}-1}{2}=r\cos\theta,\ \frac{\sqrt{3}+1}{2}=r\sin\theta$

مربع کرنے اور جمع کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$r^2=\left(\frac{\sqrt{3}-1}{2}\right)^2+\left(\frac{\sqrt{3}+1}{2}\right)^2=\frac{2\left(\left(\sqrt{3}\right)^2+1\right)}{4}=\frac{2\times4}{4}=2$$

© NCERT not to be republished

اس لئے $r = \sqrt{2}$ جس سے حاصل ہوتا ہے $\cos\theta = \dfrac{\sqrt{3}-1}{2\sqrt{2}}$ ، $\sin\theta = \dfrac{\sqrt{3}+1}{2\sqrt{2}}$

اس لئے، $\theta = \dfrac{\pi}{4} + \dfrac{\pi}{6} = \dfrac{5\pi}{12}$ (کیوں؟)

اس لئے $\sqrt{2}\left(\cos\dfrac{5\pi}{12} + i\sin\dfrac{5\pi}{12}\right)$ قطبی شکل ہے۔

## متفرق مشق

.1 $\left[i^{18} + \left(\dfrac{1}{i}\right)^{25}\right]^3$ نکالئے

.2 کہیں دو پیچیدہ اعداد $z_1$ اور $z_2$ کیلئے ثابت کیجئے

$$\text{Re}(z_1 z_2) = \text{Re}\, z_1 \text{Re}\, z_2 - \text{Im}\, z_1 \text{ Im}\, z_2$$

.3 $\left(\dfrac{1}{1-4i} - \dfrac{2}{1+i}\right)\left(\dfrac{3-4i}{5+i}\right)$ کو معیاری شکل میں مختصر کیجئے۔

.4 اگر $x - iy = \sqrt{\dfrac{a-ib}{c-id}}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ $x^2 + y^2 = \dfrac{a^2+b^2}{c^2+d^2}$

.5 مندرجہ ذیل کو قطبی شکل میں لکھئے

(i) $\dfrac{1+7i}{(2-i)^2}$ (ii) $\dfrac{1+3i}{1-2i}$

6 تا 9 تمام مساوات کو حل کیجئے۔

.6 $3x^2 - 4x + \dfrac{20}{3} = 0$ .7 $x^2 - 2x + \dfrac{3}{2} = 0$

.8 $27x^2 - 10x + 1 = 0$ .9 $21x^2 - 28x + 10 = 0$

.10 اگر $z_1 = 2 - i$ ، $z_2 = 1 + i$ ہو تو $\left|\dfrac{z_1 + z_2 + 1}{z_1 + z_2 + i}\right|$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

.11 اگر $a + ib = \dfrac{(x+i)^2}{2x^2+1}$ تو ثابت کیجئے کہ $a^2 + b^2 = \dfrac{(x^2+1)^2}{(2x^2+1)^2}$

© NCERT not to be republished

**12.** مان لیجیے $z_1 = 2 - i$ ، $z_2 = -2 + i$ معلوم کیجیے

(i) $\mathrm{Re}\left(\frac{z_1 z_2}{\bar{z}_1}\right)$ (ii) $\mathrm{Im}\left(\frac{1}{z_1 \bar{z}_1}\right)$

**13.** پیچیدہ عدد $\frac{1+2i}{1-3i}$ کے مقیاس اور دلیل معلوم کیجیے۔

**14.** اگر $(x - iy)(3 + 5i)$ ، $(-6 - 24i)$ کا زوجی ہے تو حقیقی اعداد $x$ اور $y$ معلوم کیجیے

**15.** $\frac{1+i}{1-i} - \frac{1-i}{1+i}$ کا مقیاس معلوم کیجیے

**16.** اگر $(x + iy)^3 = u + iv$ تو ثابت کیجیے کہ $\frac{u}{x} + \frac{v}{y} = 4\left(x^2 - y^2\right)$ ہے

**17.** اگر $\alpha$ اور $\beta$ دو مختلف دو پیچیدہ اعداد ہوں جبکہ $|\beta| = 1$ تب $\left|\frac{\beta - \alpha}{1 - \bar{\alpha}\beta}\right|$ معلوم کیجیے۔

**18.** $|1 - i|^x = 2^x$ کا غیر صفر صحیح عددی حل معلوم کیجیے۔

**19.** اگر $(a + ib)(c + id)(e + if)(g + ih) = A + iB,$ تو ثابت کیجیے کہ

$$\left(a^2 + b^2\right)\left(c^2 + d^2\right)\left(e^2 + f^2\right)\left(g^2 + h^2\right) = A^2 + B^2$$

**20.** اگر $\left(\frac{1+i}{1+i}\right)^m = 1$ تو $m$ کی کم ترین صحیح عددی قدر معلوم کیجیے۔

## خلاصہ (Summary)

◆ $a + ib$ کی شکل کا عدد، جہاں $a$ اور $b$ حقیقی اعداد ہیں، پیچیدہ عدد کہلاتا ہے۔ اس پیچیدہ عدد کا $a$ حقیقی حصہ کہلاتا ہے اور $b$ خیالی

◆ مان لیجیے $z_1 = a + ib$ اور $z_2 = c + id$ تب

(i) $z_1 + z_2 = (a + c) + i(b + d)$

(ii) $z_1 z_2 = (ac - bd) + i(ad + bc)$

◆ کسی غیر صفر پیچیدہ عدد $z = a + ib \;\; (a \neq 0, b \neq 0)$ کے لیے ایک پیچیدہ عدد $\frac{a}{a^2 + b^2} + i\frac{-b}{a^2 + b^2}$ ملتا

© NCERT not to be republished

ہے۔جسے $\frac{1}{z}$ یا $z^{-1}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ $z$ کا ضربی معکوس کہلاتا ہے۔تا کہ

$$(a+ib)\left[\frac{a^2}{a^2+b^2}+i\frac{-b}{a^2+b^2}\right]=1+i.0=1$$

- کسی بھی صحیح عدد $k$ کے لیے $i^{4k}=1,\ i^{4k+1}=i,\ i^{4k+2}=-1,\ i^{4k+3}=-i$
- پیچیدہ عدد $z=a+ib$ کا زوجی جو $\bar{z}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے $\bar{z}=a-ib$ ہوتا ہے۔
- پیچیدہ عدد $z=x+iy$ کی قطبی شکل $r(Cos\theta+iSin\theta)$ ہے۔جہاں $r=\sqrt{x^2+y^2}$ (z کا مقیاس) اور $Cos\theta=\frac{x}{r}$، $Sin\theta=\frac{y}{r}$ ($\theta$، $z$ کی دلیل ہے). $\theta$ کی قیمت تا کہ $-\pi<\theta\le\pi$ کی principal دلیل کہلاتی ہے۔
- $n$ درجہ والی کثیر رکنی مساوات کے $n$ جذر ہوتے ہیں۔
- دو درخی مساوات $ax^2+bx+c=0$ جہاں $a,b,c\in R$ کے حل $x=\frac{-b\pm\sqrt{4ac-b^2}i}{2a}$ ہیں $a\neq0, \sqrt{b^2-4ac}<0$

## تاریخ کے اوراق سے

یہ حقیقت کہ حقیقی اعداد کے نظام میں ایک منفی عدد کا جذر المربع نہیں ہوتا یونان کی دین ہے،لیکن اس کا سہرا ہندوستانی ریاضی داں مہاویرا (850 عیسوی) کے سر بندھتا ہے جس نے سب سے پہلے اس شکل کو صاف طور پر بیان کیا۔ وہ اپنی تصنیف Ganitsasara میں بیان کرتا ہے کہ چیزوں کی قدرت میں ایک منفی (مقدار) ایک مربع (مقدار) نہیں ہوتی،یعنی اس کا کوئی جذر المربع نہیں ہوتا۔ایک دوسرا ریاضی داں بھاسکرا اپنی تصنیف Bigaganita جو 1150 عیسوی میں لکھی گئی ہیں،لکھتا ہے کہ منفی مقدار کا کوئی جذر المربع نہیں ہوتا کیونکہ یہ ایک مربع نہیں ہے۔کارڈن (Cardan) نے (1545) میں درج ذیل مسئلہ کے حل پر غور کیا۔

$$xy=40,\quad x+y=10$$

© NCERT not to be republished

اس نے حل کیا $x = 5 + \sqrt{-15}$ اور $y = 5 - \sqrt{-15}$ درج بالا مثال کے حل کے طور پر جس کو اس نے یہ کہہ کر رد کر دیا ہے یہ اعداد بیکار ہیں۔ البرٹ گرارڈ (Albert Grirad) (1625 عیسوی) نے منفی اعداد کے جذر المربع کو قبول کرلیا اور کہا کہ اس سے ہم مساوات کے اتنے ہی جذر معلوم کر سکتے ہیں جتنا اس کا درجہ ہوتا ہے۔ یولر (Euler) پہلا شخص تھا جس نے علامت $\sqrt{-1} = i$ سے متعارف کرایا اور ڈبلیو۔ آر۔ ہمیلٹن (W.R. Hamilton) نے 1830 عیسوی) پیچیدہ عدد $a + ib$ کو حقیقی عدد کے ایک مرتب جوڑ (a,b) سے متعلق کیا۔ اسطرح اس نے ایک خالص ریاضی کی تعریف دی اور تصوراتی اعداد کے استعمال کو ختم کیا۔

© NCERT not to be republished